اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2017ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C'B'A اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- "حُسنِ یوسف" کس کی مثال ہے:

(a) تشبیہ
(b) استعارہ
(c) تلمیح ✓
(d) مشبہ

2- ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ۔۔۔:

(a) لگائی
(b) لگایا ✓
(c) لگاؤ
(d) لگائے

3- یہ عورت بڑی ۔۔۔ ہے:

(a) لڑاکو
(b) لڑاکی
(c) لڑاکے
(d) لڑاکا ✓

4- ولیم ڈراگن کہاں کا بڑا خیر خواہ تھا:

(a) انگلینڈ
(b) آئرلینڈ ✓
(c) نیوزی لینڈ
(d) سکاٹ لینڈ

5- جس سے لفظ مستعار لیا جائے' کہلاتا ہے:

(a) مستعار لہ
(b) مستعار منہ ✓
(c) وجہ جامع
(d) وجہ شبہ

6- مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں:

(a) غرضِ تشبیہ
(b) وجہ شبہ
(c) طرفین استعارہ
(d) طرفین تشبیہ ✓

7- ''اوورکوٹ'' میں نوجوان کے ہاتھ میں کیا تھا:

(a) چھتری ✓ (b) ہیٹ

(c) رومال (d) کتاب

8- یہ آج ۔۔۔ اخبار ہے:

(a) کا ✓ (b) کے

(c) کو (d) کی

9- علاج سے مرض بگڑ ۔۔۔:

(a) گئی (b) گئے

(c) گیا ✓ (d) گئیں

10- اُس ۔۔۔ املاء درست نہیں:

(a) کا ✓ (b) کے

(c) کو (d) کی

11- گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش رہتی اِک آدھ دن بہار اے کاش' میں قافیہ ہے:

(a) گل کو ہوتا (b) قرار' بہار ✓

(c) اے کاش (d) کوئی نہیں

12- مرغیوں کا صحیح مقام کیا ہے:

(a) دڑبہ (b) ٹاپا

(c) ہوٹل (d) پیٹ اور پلیٹ ✓

13- ''طلوع ہونے کا مقام'' لغوی معنی ہے:

(a) مطلع کا ✓ (b) مقطع کا

(c) قافیہ کا (d) ردیف کا

14- حضور ﷺ کا وجودِ مبارک کیا تھا:

(a) مہتاب (b) خورشید

(c) مہ کامل (d) آفتابِ عالم تاب ✓

15- میرے چاند تُو کہاں تھا؟ اس جملے میں مستعار منہ ہے:

(a) بیٹا (b) چاند ✓

(c) تُو (d) کہاں

16- قافیے کے بعد دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں:

(a) مطلع (b) مقطع

(c) قافیہ (d) ردیف ✓

17- تشبیہ کے ارکان کی تعداد کتنی ہے:

(a) تین (b) چار

(c) پانچ ✓ (d) چھے

18- غزل کے آخری شعر میں تخلص نہ ہو تو کہلائے گا:

(a) خالی شعر (b) مقطع

(c) ناقص شعر (d) غزل کا آخری شعر ✓

19- سبق ''چراغ کی لَو'' کس کتاب سے لیا گیا ہے:

(a) کپاس کا پھول (b) جاڑے کی چاندنی

(c) سب افسانے میرے ✓ (d) خطباتِ مدراس

20- جس غزل میں ردیف ہو کہلاتی ہے:

(a) مقفیٰ (b) غیر مردف

(c) مردف ✓ (d) رادِف